قبر کو اونٹ کی کوہان کی طرح بنانے کا حکم

مجیب: مولانا محمد سعید عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3126

تاریخ اجراء: 20 ربیع الثانی 1446 ھ / 24 اکتوبر 2024 ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا قبر کو اونٹ کی کوہان کی طرح بنانا سنت ہے؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

قبر کو اونٹ کی کوہان کی طرح بنانا مستحب اور بہتر ہے۔ در مختار میں ہے " (ویسنم) ندبا" ترجمہ: قبر کو کوہان کی طرح بنانا مستحب ہے۔

اس کے تحت رد المحتار میں ہے " أي يجعل ترابه مرتفعا عليه كسنام الجمل، لما روى البخاري عن سفيان النمار " أنه رأى قبر النبي صلى الله عليه وسلم مسنما" ترجمہ: یعنی قبر پر مٹی ڈال کر اسے اونٹ کی کوہان کی طرح بنانا مستحب ہے، کیونکہ امام بخاری نے سفیان نمار سے روایت کیا کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک کو اسی طرح دیکھا۔ (رد المحتار علی الدر المختار، ج 2، ص 169، کوئٹہ)

مرآۃ المناجیح میں ہے: " اس حدیث کی بناء پر امام ابو حنیفہ و مالک و احمد فرماتے ہیں کہ قبر ڈھلوان بنانا بہتر ہے۔" (مرآۃ المناجیح، ج 02، ص 487، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

موسوعہ فقہیہ کویتیہ میں ہے: " ذهب الحنفية والمالكية والحنابلة إلى أنه: يندب تسنيمه كسنام البعير؛ لما روى البخاري عن سفيان النمار أنه رأى قبر النبي صلى الله عليه وسلم مسنما" ترجمہ: حنفیہ، مالکیہ اور حنابلہ کے مطابق قبر کو اونٹ کی کوہان کی طرح بنانا مستحب ہے، کیونکہ امام بخاری نے سفیان نمار سے روایت کیا کہ انہوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک کو اسی طرح دیکھا۔ (الموسوعة الفقهية الكويتية، ج 11، ص 343، دار السلاسل، الكويت)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net